مطالعہ پاکستان (لازمی)	جماعت نہم	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 15 منٹ	ماڈل پیپر 3	کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- قیامِ پاکستان کا مطالبہ کرتے وقت مسلمانوں کی سوچ تھی کہ:

(a) عالمِ اسلام کا اتحاد قائم ہو

(b) مسلم قوم بہتر تعلیم حاصل کر سکے

(c) وہ اپنے مذہب اور عقائد کے مطابق زندگی بسر کر سکیں ✓

(d) ملک میں معاشی ترقی ہو

2- 1867ء میں بنارس میں ہندوؤں کی مسلم دشمنی کھل کر سامنے آ گئی۔ جس پر سر سید احمد خان نے واضح اعلان کیا کہ:

(a) مسلمان اور ہندو الگ الگ قومیں ہیں ✓

(b) مسلمان سیاست سے الگ رہیں

(c) ہندو ہمارے دوست نہیں ہیں

(d) مسلمان انگریزی تعلیم حاصل کریں

3- قائدِ اعظمؒ نے حالات کی نزاکت کو بھانپتے ہوئے فوری طور پر دار الحکومت بنایا:

(a) اسلام آباد کو

(b) کراچی کو ✓

(c) لاہور کو

(d) فیصل آباد کو

4- جنرل ایوب خان نے ملک میں مارشل لاء لگایا:

(a) 10 اکتوبر 1956ء کو
(b) 7 اکتوبر 1957ء کو
(c) یکم اکتوبر 1958ء کو
(d) 27 اکتوبر 1958ء کو ✓

5- 1970ء کے انتخابات میں مغربی پاکستان سے پاکستان پیپلز پارٹی نے قومی اسمبلی کی نشستیں حاصل کیں:

(a) 37
(b) 81 ✓
(c) 112
(d) 160

6- کے۔ٹو پہاڑ واقع ہے:

(a) کوہِ ہمالیہ میں
(b) کوہِ قراقرم میں ✓
(c) کوہِ سفید میں
(d) کوہِ ہندوکش میں

7- کسی بھی ملک کی ترقی کے لیے اس کے کُل رقبہ کا کتنا حصہ جنگلات پر مشتمل ہونا چاہیے؟

(a) 15 فیصد
(b) 25 فیصد ✓
(c) 35 فیصد
(d) 45 فیصد

8- قائدِ اعظمؒ کے قدم بہ قدم تحریکِ پاکستان میں شامل رہیں:

(a) بیگم فرخ حسین
(b) محترمہ فاطمہ جناح ✓
(c) بیگم مولانا محمد علی جوہر
(d) نصرت ہارون

9- لاکھوں پاکستانیوں کی زندگیوں میں تبدیلی لانے میں مصروف ہیں:

(a) محترمہ بلقیس ایدھی ✓
(b) محترمہ بینظیر بھٹو
(c) ثمینہ بیگ
(d) ڈاکٹر نفیس صادق

10- پنجاب میں لڑکیوں کی شادی کی قانونی عمر ہے:

(a) 14 سال
(b) 16 سال ✓
(c) 18 سال
(d) 20 سال